# کشتہ زمرد







## چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد

علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ

P D F MAKER HAKEEM QAYUM KHAN


بسم الله الرحمن الرحيم





حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی



علم سنیاس و کشتہ سازی گروپ





چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی

ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی

ڈاکٹر سید ایم۔این۔اے کاظمی



حکیم سید اعجاز حسین

حکیم خضر عباس

حکیم عبدالمتین

حکیم قیوم خان

صلاح الدین منصوری انڈیا

ڈاکٹر حکیم عبدالسلام فرام جوہر آباد

ڈاکٹر حکیم محمد شاہد ریاض جوہر آبادی

# کشتہ/زمرد/لاجواب

پانچ تولے زمرد لیں اس کو پہلے باریک پیس لیں بعد میں چینی کی کھرل میں ڈال کر عرق گلاب خالص یا گلاب کے پھول کا پانی مقطر شدہ ایک ایک چمچہ ڈال کر کھرل کریں تا کہ دو سو گرام پانی کھرل ہو جائے پھر اس کی چار عدد ٹکیہ بنا کر خشک کر کے گلحمت کر کے خشک ہونے پر سات کلو اپلون کی آگ دیں اسی طرح دوبارہ عرق گلاب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں پھر روغنی کجی میں بند کر کے گلحمت کر کے خشک ہونے پر سات کلو اپلون کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، ہلکے زری مائیل رنگ میں پھلہ ملے گا

## مقدار خوراک

ایک رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں

## فوائد

نزلہ زوکام کھانسی دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے بار بار پیشاب آنے کو روکتا ہے اور جگر کو طاقت دیتا ہے

حکیم ملک غلام محمد شاکر اچشریف بہاولپور

## اعضاء رئیسہ کے لئے مفید ہے

10 گرام زمرد عمدہ قسم لیکر اس کو دردرا کریں

آب مقطر پھلی کیکر سے کھرل کر کے چائینہ کو ٹھالی میں بند گل کر کے خشک ہونے پر

8 کلو اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

اس طرح 3 عمل کریں

کشتہ زمرد تیار ہے پیس کر محفوظ رکھیں

## استعمال خوراک

دو چاول سے نصف رتی تک یا مناسب بدرقہ سے دیں

## فوائد

گردہ کی طاقت

اعضاء رئیسہ کے لئے مفید ہے

عبدالکریم آزاد

# کشتہ زمرد

10 گرام زمرد

100 گرام قاضی دستار کا نغدہ بنا کر درمیان میں زمرد رکھ کر بند گل کر کے

15 کلو کی آگ سرد ہونے پر نکالیں

اب اس زمرد کو آب قاضی دستار مقطر سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر

100 گرام نغدہ میں بند گل کر کے

20 کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

آب مقطر سے کھرل کر کے بند گل کر کے

8 کلو کی بغیر نغدہ کے آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خوراک

2 چاول یا مناسب بدرقہ سے دیں

عبدالکریم آزاد

## مقوی اعضائے رئیسہ ہے

بلکل اسی لئے پیرزادہ صاحب میں نے تمامی ہی نظریات کے اطباء سے عرض کی ہے۔

شکریہ آپ نے اچھی طرف توجہ دلائی ہے

اگر مرض کی تشخیص قیاس پر نہیں حقیقت پر ہو جائے تو اللہ کے فضل سے علاج بھی تجویز ہو جائے گا

کوئی مرض ایسی نہیں کے اسکا شافی علاج نہ ہو۔

لاتقنطو من الرحمت اللہ۔

عرف عام میں اسپر ہمارے حکیم دوست اپنی اپنی معلومات علم کیمطابق اس مرض پر گفتگو کرتے ہیں اچھا لگتا ہے۔

میری معلومات کیمطابق یہ مرض نئ نہیں ہے بلکے کئ امراض کا مرکب ہے۔

جسمیں معدہ

جگر

دماغ

متاثر ہوتے ہیں۔

جہاں تک ایلوپیتھک کی تشخیص وطریقہ ءعلاج کا تعلق ہے وہ بھی ہم سب پر کھل کر عیاں ہے۔

ہماری بحث قطعا" یہ نہیں کہ وہ غلط ہیں ہم صحیح ہیں

مقصد یہ ہے کہ ہمیں قدرتی جڑی بوٹیوں سے علاج کرنے اور اسپر یقین کامل رکھنے والے احباب کو غور فکر کرنے اور باہمی کوشش کرکے تشفی اور مکمل علاج تجویز کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

تحقیق میں ذاتی نظریہ خواہش بات اہمیت نہیں رکھتی ہاں باہمی مفید رائے اہم ہوتی ہے۔

مثلا" نزلہ پر" پر رائے لی جاتی ہے ہے کہ نزلہ کیا ہے

اور اسکی کتنی قسمیں ہیں اسکے مضرات کیاہیں

اسکاعلاج کیسے ممکن ہے۔

وغیرہ وغیرہ۔

آپ توجزیرہ ءعرب کے خشک اور سخت پتھریلے صحرائی علاقوں میں بسنے والے انسانوں سے

بہت قریب سے ملے ہیں

انکے مزاج سے بہت قریب سے واقف ہیں

انکی غذاوں سے واقف ہیں

انکے بودوباش سے واقف ہیں خیر ساتھ رہاتومزید بستیں ہوں گی۔

کشتہ ءزمرداور کشتہ ءیاقوت پیش خدمت ہے۔

## اجزاء

1تولہ زمرد

2تولہ یاقوت یمنی

1گرام سونا24 کیرٹ

1گرام تانبااصلی

سہہ آتشی عرق گلاب الیٹر

چولہا اسٹوپ نما

## ترکیب کشتہ

سونے اور تانبے کو یکجاہ کر کے کا دو انگلی چوڑا پترا بنالیں۔

اسٹوپ پر پترا سونے رکھیں اور آگ سمیٹی دیں

یاقوت کو اس پتر پر رکھیں

جب سرخ ہو اسے گلاب میں ڈوبا دیں

اسی طرح سات بار ڈبوئیں ہر بار عرق تبدیل کریں

یاقوت پھول کر پھٹ جائے گا۔

اسی طرح زمرد کیساتھ بھی یہی عمل کریں۔

آگ پترے سے باہر پھیلا نہ ہو۔

زمرد اور یاقوت کو علیحدہ علیحدہ اچھی نسل کے پتھر کے کھر میں کھر کریں

## خوراک

1 چاول ناشتہ کے درمیان

شہد ملے دودھ کیساتھ کریں

پرہیز سخت ناقص تیل کھٹی آشیاء پھلوں اور برائلر برے گوشت سے

کھانے میں دیسی گھی کی چوری

ملائی مکھن

دیسی مرغ کی یخنی

بکرے کا گوشت

کدو شریف

ٹینڈے



کالے چنوں کا شوربہ

شلجم

آم

انگور

کھجور رطب تر

اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو پوچھ لیں کوئی قیمت یا فیس نہیں ہے۔

**فوائد**

مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

یہ نسخہ میرے استاد بھائی نے مکہ مکرمہ میں

استاد من حکیم عبدالحمید سلیمانی مرحوم جو استاذالحکماء حکیم عبداللہ سلیمانی رحمت اللہ علیہ شاہی طبیب کے فرزند کو خلف رشید کا تصدیق شدہ ہے۔

اسے بنائیں اور جوان ہو جائیں۔

نہ کھاتے پریشانی اور نہ کھنے کے بعد پریشانی۔

دعا کا طالب

شبیر سلطانی فیصل آباد



سیب

گاجر مولی

ہلدی کالی مرچ اور اصلی سرخ مرچ لونگ ھیل حبشی ھیل خورد

## کشتہ زمرد چاندی پارہ مرکب برائے شوگر

زمرد ایک تولہ کو جوشاندہ گڑمار بوٹی میں بجھاوے دیں اور ایک پاؤ نغدہ گڑمار کا دیکر 8 کلو کی آگ دیں نکال کر جوشاندہ گڑمار بوٹی پانچ تولہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر 8 کلو کی آگ دیں اس طرح تیسرا عمل کرین زمرد کشتہ تیار ہے

دوسرا مرحلہ

ایک تولہ برادہ چاندی مین پانچ تولہ اب مقطرہا تھی سونڈی کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور ایک پاؤ کی آگ دیں اس طرح ہر بار پانچ تولہ پانی آب مقطرہا تھی سونڈی کھرل کر کے ایک پاؤ کی آگ دیں ٹوٹل پانچ عمل کریں

## تیسرا مرحلہ

کشتہ زمرد اور کشتہ چاندی ملا کر کھرل کریں اور اس مین دو گرام پارہ مصفی ملا کر پانچ تولہ آب مصفی ہاتھی سونڈی کھرل کریں اور ایک پاؤ کی آگ دیں نکال دوبارہ دو گرام پارہ ملا کر پانچ تولہ پانی کھرل کر کے ایک پاؤ کی آگ دیں اس طرح ہر بار پانچ تولہ پانی ہاتھی سونڈی لگا کر آگ دیتے جائیں حتکہ پارہ باوزن کشتہ ہو کر شامل ہو جائے۔

## مقدار خوراک

ایک چاول ہمراہ مکھن دودھ گھی خوب استعمال کروائیں

یہ نسخہ شوگر پر زبردست رزلٹ کا حامل نسخہ ہے

میاں عمیر رضا

# کشتہ زمرد مرکب اکسیر

سو گرام قشر بیضہ دیسی

آب لیموں دیسی ڈال کر تر کریں اور اس میں زمرد سو گرام رکھ کر بھٹہ میں رکھ دیں یا اپلوں کی تیز آگ دیں

بعد از دونوں کو پیس لیں

جریان پس گردہ. بچوں کا بستر پر پیشاب کرنا. ذیابیطس شکری. بار بار پیشاب آنا. احتلام وغیرہ

مقوی گردہ

حکیم ضیاء احمد خان

## کشتہ زمرد

زمرد حسب ضرورت لیکر کٹھالی میں ڈالکر کوئلوں کی آگ میں رکھ دیں جب سرخ ہو جائے تب عرق کیوڑہ و عرق بید مشک میں بجھا دیں گیارہ بار بعد کھرل میں ڈالکر نہایت باریک پیس کرر کھ لیں تیار ہے

**خوراک**

ایک سے دو چاول ہمراہ مکھن کے دیں

**فوائد**

مفرح قلب ہے، سلسل بول، اور زیابطیس میں مفید ہے

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# کشتہ زمرد

زمرد 5 تولہ لیکر کٹھالی میں ڈالکر کوئلوں کی آگ میں رکھ دیں جب سرخ ہوجائے تب عرق گلاب میں بجھا وادیں گیارہ بار بعد کھرل میں ڈالکر روح کیوڑہ میں کھرل کرے ایک دن پھر رس گھیکوار میں کھرل کریں ایک دن بعد ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند گلحکمت کر کے سات کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں

## خوراک

دو چاول ہمراہ مکھن یا مربہ سیب کے دیں

## فوائد

کثرت بول، ضعف جگر، ضعف گردہ کیلئے

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

# کشتہ زمرد

زمرد ایک تولہ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیا جائے بعد گھیکوار کا گودہ دس تولہ میں رکھکر بند گلحکمت دس کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں

### خوراک

دو چاول ہمراہ مکھن یا مربہ سیب کے دیں

### فوائد

ضعف جگر، ضعف گردہ، ضعف مثانہ، ذیابطیس، کثرت بول

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

## کشتہ زمرد

زمرد 5 تولہ

زمرد کو اچھی طرح آگ پر سرخ کرکے عرق گلاب میں 12 بجھاوے دیں

اس کے بعد روح کیوڑہ 5 تولہ میں کھرل کرکے 5 کلو کی بند آگ دیں

ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں

اس کے بعد آب کنوار گندل 1/2 پاؤ میں کھرل کرکے ٹکیاں بنالیں اور اچھی طرح خشک کر لیں اس کے بعد گلحمت کرکے بند 5 کلو کی آگ دیں

ٹھنڈا ہونے پے نکال لیں

### مقدار خوراک

2 چاول ھمراہ مربہ سیب

صبح نہار" عصر کے بعد


**فوائد**

مقوی اعضائے رئیسہ لیکوریاو جریان

کثرت بول'ضعف گردہ کیلیئے زبردست رزلٹ ھے

**حکیم محمد عتیق الرحمان**

علوی دواخانہ کوٹ اسلام تحصیل کبیر والا خانیوال



---

# یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن کی طرف سے

پی ڈی ایف کی تیاری پر اعلیٰ خدمات سرانجام دینے پر

**حکیم قیوم خان صاحب** کو

تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا جاتا ہے

گروپ علم سنیاس وکشتہ سازی ٹیم کی طرف سے



محترم جناب قبلہ ملک ناصر صاحب

محترم جناب قبلہ حکیم قیوم خان صاحب

کو تعریفی سرٹیفکیٹ ملنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں

منجانب ایڈمن ٹیم

علم سنیاس وکشتہ سازی گروپ



